SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Unità Sanitaria Locale di Modena

PRIVACY

# ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے معلومات

یورپی اتحاد کے ضابطہ نمبر 2016/679 کا آرٹیکل 13–جی ڈی پی آر

(مختصر ورژن)

اس دستاویز کے ساتھ مودینالوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، پرائیویسی کے موجودہ قانون کے عین مطابق، اپنی ادارہ جاتی سرگرمیوں کے لیے ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

**ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے مکمل معلومات اور مزید معلومات کے لیے مودینالوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی رسمی ویب سائٹ www.ausl.mo.it/privacy پر ملاحظہ کریں**

## قانونی جواز اور استعمال کا مقصد

اس محکمے کے اہلکاروں کے ذریعہ جو ذاتی معلومات طلب کی جاتی ہیں وہ ہیلتھ سروسز مہیا کرنے اور ان کے انتظامات کے لیے ضروری ہوتی ہیں اور پیشہ ورانہ صیغہ رازی، دفتری رازداری اور پرائیویسی کے قانون کے اصولوں کے مطابق، واضح طور پر مجاز اہلکار استعمال کرتے ہیں۔

قانون کے مطابق مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے، ذاتی ڈیٹا اور صحت کے بارے معلومات کے استعمال کے لیے مودینالوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو **متعلقہ شخص سے رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں** ہے:

- صحت اور جسمانی حفاظت اور معاشرتی بہبود کا تحفظ؛
- علاج کے بارے انتظامی، محکمہ جاتی اور اکاؤنٹنگ کے فرائض کے لیے؛
- صحت کی دیکھ بھال کی منصوبہ بندی، کنٹرول اور تشخیص؛
- وبائی بیماریوں کا مطالعہ اور شماریاتی سرگرمیوں کے لیے؛
- سرٹیفیکیشن کے عمل کے لیے
- شکایات / تنازعات یا قانونی چارہ جوئی کے لیے

صحت سے متعلق دیگر مخصوص ڈیٹا پروسیسنگ اسی وقت کی جاتی ہے جب متعلقہ شخص مزید معلومات حاصل کرے اور اپنی رضامندی ظاہر کرے (مثال کے طور پر سائنسی تحقیق کے مقاصد کے لئے، الیکٹرانک ہیلتھ ڈوسیئر اور الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈ کے لیے، جینیاتی اور / یا بائیومیٹرک، ٹیلی کیئر / ٹیلی میڈیسن کے لیے، اعتماد کے ڈاکٹر یا صوبے نیٹ ورک کے ذریعہ ڈیٹا کا دوسرے اداروں کے ساتھ تبادلہ۔

## یہ ڈیٹا کس کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے

مذکورہ بالا مقاصد حاصل کرنے کے لیے اور قانون کے طے کردہ قوائد کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کو سرکاری اور نجی اداروں، محکموں اور تحقیقی اداروں سے شیئر کیا جاسکتا ہے (مثال کے طور پر مریض کے علاج معالجے کے لیے تشخیص میں معاون ادارے، سوشل سروسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اور جوڈیشل اتھارٹی)۔

صحت کی حالت کے بارے معلومات متعلقہ شخص کی جانب سے واضح طور پر بتائے گئے محکمہ کے ساتھ شیئر کی جاسکتی ہیں۔ مزید برآں، ایمرجنسی وارڈ میں موجودگی کے بارے یا ہسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں، آپ یہ درخواست کرسکتے ہیں کہ آپ کی موجودگی کے بارے کسی کو نہ بتایا جائے۔

## ڈیٹا پراسیسنگ کا طریقہ کار اور محفوظ رکھنے کی مدت

ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ ایک محفوظ طریقے سے الیکٹرانک یا کاغذی ذرائع سے کی جاتی ہے تاکہ اس تک صرف مجاز اہلکاروں کی رسائی کی ضمانت دی جاسکے۔

ڈیٹا کو اس کی پراسیسنگ کا مقصد پورا کرنے کے لیے مطلوبہ وقت تک محفوظ رکھا جاتا ہے

## متعلقہ شخص کے حقوق

آپ کسی بھی وقت اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، غلط ڈیٹا کی اصلاح کرانے اور نامکمل ڈیٹا کو مکمل کرانے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ مزید یہ کہ قانون کے ذریعہ قائم کردہ شرائط اور وجوہات کی بناء پر، ڈیٹا کی پراسیسنگ کو محدود کرنے اور اس ڈیٹا کی پراسیسنگ کی مخالفت کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس مقصد کے لیے dpo@ausl.mo.it کے ای میل ایڈریس پر لکھ کر محکمے کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو ایک مخصوص درخواست پیش کی جاسکتی ہے۔

مطلوبہ شرائط پوری ہونے کی صورت میں، طے شدہ طریقہ کار کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے لئے گارنٹر اتھارٹی کو بھی شکایت جمع کروائی جاسکتی ہے۔

ڈیٹا پراسیسنگ کرنے کا مجاز مودینالوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے، جس کا ہیڈ آفس یہاں واقع ہے:

Via San Giovanni del Cantone, 23, Modena